© rasailojaraid.com

کمیونسٹ عناصر پر مشتمل حکمران ٹولے کے بعض افراد کے لیے ایسے امن کی کوئی اہمیت نہیں ہے جس کے نتیجے میں انہیں اقتدار سے ہاتھ دھونا پڑیں۔ ان حالات میں کیا معاہدہ امن پر عملدرآمد آسانی سے ہوسکے گا؟ یا ہونے دیا جائے گا؟ یہ بہت اہم سوال ہے جس کا جواب مستقبل ہی دے سکے گا۔ سردست تو معاہدہ کی شقوں پر عملدرآمد ہوتا نظر آرہا ہے۔ متحدہ اپوزیشن کے دستے سرکاری افواج میں ضم ہو رہے ہیں، دونوں اطراف سے جنگی قیدی رہا کیے جا رہے ہیں اور افغانستان میں مقیم تاجک مہاجرین وطن واپس لوٹ رہے ہیں۔

## روس: مذہبی آزادی کا مستقبل

### روس میں مذہبی سرگرمیوں سے متعلق نیا بل منظور کرلیا گیا

روس میں مذہبی سرگرمیوں سے متعلق ایک نیا بل روشناس کرایا گیا ہے جس پر مختلف مذہبی اور سیاسی طبقات نے ملے جلے ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ صدر بورس یلسن نے اس متنازعہ مذہبی بل پر دستخط کرکے اسے قانون کی شکل دے دی ہے۔ ۱۹ ستمبر کو روسی ایوانِ زیریں ڈوما اور ۲۵ ستمبر کو روسی ایوان بالا فیڈریشن کونسل نے بھاری اکثریت سے اس بل کی منظوری دی تھی۔ اب ۲۶ ستمبر کو صدر یلسن کی حتمی منظوری کے نتیجے میں مذکورہ بل کو قانون کا درجہ دے دیا گیا ہے۔ یہ بل رواں سال کے آغاز میں ایوانِ زیریں کی طرف سے منظور کیے گئے بل کی نظرثانی شدہ شکل ہے۔ اس بل کو صدر یلسن نے "امتیازی" قرار دے کر ویٹو کردیا تھا۔

ایسے مذاہب جو گزشتہ پندرہ سال سے روس میں اپنا وجود ثابت نہیں کرسکیں گے انہیں اس قانون کی رُو سے مدارس کھولنے، مذہبی مواد کی اشاعت اور دیگر تبلیغی سرگرمیوں کی ممانعت ہوگی۔ قانون کی درجہ بالا شرط کی زد میں کیتھولک چرچ اور پروٹسٹنٹ فرقے بھی آتے ہیں۔ قانون کے حامیوں کا استدلال ہے کہ اس کی منظوری کا مقصد روس میں مذہبی فرقوں میں اضافے کو روکنا ہے جو سوویت یونین کے انہدام کے بعد قوت پکڑ رہے ہیں۔ جبکہ بل کے ناقدین کا کہنا ہے کہ اس بل کے ذریعے آرتھوڈکس چرچ کی عظمت اور شان و شوکت کو تحفظ دینے کی کوشش کی گئی ہے جو روس کی ۱۴۸ ملین آبادی میں سے اکثریت کا مذہب ہے۔ اور ۱۹۹۱ء میں سوویت یونین کے انہدام سے قبل قریب تھا کہ اسے ریاستی مذہب کا درجہ دے دیا جاتا۔

نظرثانی شدہ بل کے دیباچہ میں آرتھوڈکس چرچ کا ذکر ختم کرکے کہا گیا ہے کہ: "عیسائیت



© rasailojaraid.com

